

Chehre pe mere rung pareshaniyon ka hay
Darya main sara zor he tughyaniyon ka hay

Saahil jo kat ke girtay hain durya kee goad main
kya yeh qusoor behtay huay paniyon ka hay

Khud rahbran-e-qom hain aalayeshon main gum
Hum say magar matalba qurbaniyon ka hay

Ehbab mere is terha mujh pur hain tana zun
Jaisay khuloos naam he nadaaniyon ka hay

Kuchh khof-e-ihtsaab nah sood-o-ziyan ka dur
Yeh fa-eda to besar-o-saamaniyon ka hay

Insaan nahin hay ko-ee bhee sa-aye zaroor hain
Munzur hur aik shehr main veeran-yon ka hay

*(Tesha-e-Karb)*

# غزل

چہرے پہ میرے رنگ پریشانیوں کا ہے
دریا میں سارا زور ہی طغیانیوں کا ہے

ساحل جو کٹ کے گرتے ہیں دریا کی گود میں
کیا یہ قصور بہتے ہوئے پانیوں کا ہے

خود رہبرانِ قوم ہیں آلائشوں میں گم
ہم سے مگر مطالبہ قربانیوں کا ہے

احباب میرے اسطرح مجھ پر ہیں طعنہ زن
جیسے خلوص نام ہی نادانیوں کا ہے

کچھ خوفِ احتساب نہ سود و زیاں کا ڈر
یہ فائدہ تو بے سروسامانیوں کا ہے

انساں نہیں ہے کوئی بھی سائے ضرور ہیں
منظر ہر ایک شہر میں ویرانیوں کا ہے

"تیشۂ کرب"




Copyrights (c) Reserved by Author